سرکردہ رہنماؤں کی طرف سے مدینہ منورہ میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کے اعزاز میں ایک پر تکلف ظہرانے کا انتظام کیا گیا۔ جس میں ان کی پارٹی کے مرکزی سطح کے لیڈر جناب مخدوم جاوید ہاشمی صاحب' جناب اسحاق ڈار صاحب' جناب احسن اقبال صاحب ودیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے ملکی سیاسی صورتحال پر تفصیل سے تبادلہ خیال بھی کیا۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کو سعودی حکومت نے مکمل شاہی پروٹوکول (المراسم الملکیۃ) اور ضیافت دی۔ آپ کا قیام حرم شریف کے قصر الصفا میں رہا۔ دارالعلوم سے شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ' شیخ الحدیث حضرت مغفور اللہ صاحب مدظلہ' مولانا حامد الحق حقانی صاحب' مولانا سید یوسف شاہ صاحب' ناظم کتب خانہ مولانا احسان الکریم صاحب بھی اس سال رمضان میں تشریف لے گئے تھے۔

<u>حضرت مولانا مدظلہ کی صاحبزادی کی رخصتی:</u> ۲۶ راکتوبر بروز جمعۃ المبارک حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی صاحبزادی کا نکاح ورخصتی دارالعلوم حقانیہ سے ہوئی۔ تقریب نکاح ایوان شریعت کی پہلی منزل پر واقع نئے خوبصورت کتب خانہ کے لئے تعمیر کئے گئے نئے ہال میں ہوئی۔ تقریب انتہائی مختصر اور سادہ طریقہ سے سرانجام ہوئی۔ نکاح کا خطبہ شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی زرولی خان صاحب مدظلہ کراچی نے پڑھایا۔ اور نکاح بقیۃ السلف فاضل دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا عبدالحنان صاحب مدظلہ نے ادا کیا جو حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کے سگے ماموں ہیں۔ مولانا مدظلہ کی صاحبزادی کا نکاح مولانا مدظلہ کے بھانجے اور کرنل ڈاکٹر سید داؤد شاہ گیلانی کے صاحبزادے انجینئر سید سلیمان داؤد گیلانی سے ہوا۔ تقریب کے اختتام پر مہمانوں کی ضیافت کے لئے عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔

<u>این بی سی نیوز کی ٹیم کا مولانا مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو:</u> گزشتہ دنوں کیرل گریستی اپنی ٹیم کے ہمراہ مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے موجودہ حالات پر انٹرویو کرنے کے لئے دارالعلوم تشریف لائیں۔ بعد میں رچرڈ اینجل این بی سی نیوز کے مڈل ایسٹ کے نمائندہ نے بھی مولانا مدظلہ سے تفصیلی ملاقات کی۔ اس موقع پر دی نیوز اخبار کے ترجمان مشتاق یوسفزئی بھی ان کے ہمراہ تھے۔

<u>ترکی ٹیلیویژن اور فرانسیسی اخبار کے نمائندوں کی دارالعلوم آمد:</u> ۳۱ راکتوبر بروز بدھ کو ترکی کی عائشہ گل ایکنسی (Aysegul Ekinci) نمائندہ کینال ڈی نیوز یو کے اور ترکی کے مشہور روزنامہ "حریت" (Hurriyet) لندن کے نمائندے فاروق جیسی اور فرانسیسی صحافی گیولیم سویون پٹیٹ (Guillaume Suon PETIT) دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ مولانا مدظلہ سے ان کی رہائش گاہ پر تفصیلی انٹرویو لیا گیا جس میں عالم اسلام کو درپیش چیلنجوں اور خاص کر دینی مدارس کو درپیش موجودہ حالات پر روشنی ڈالی گئی۔ بعد میں انہوں نے مولانا عرفان الحق کی معیت میں دارالعلوم کے مختلف شعبوں کا معائنہ اور دارالعلوم کے افتتاحی تقریب کی کوریج بھی کی۔

<u>جاپانی ٹیلی ویژن کے بیورو چیف کی آمد:</u> ۲۴ ررمضان المبارک فیوجی نیوز نیٹ ورک جاپان کے